سید حباب ترمذی

نعت رسول اکرم ﷺ

نعت میں آنحضرت ﷺ کی شان میں ''تم'' اور ''تو'' کا استعمال گناہِ عظیم سمجھتا ہوں۔ (حبابؔ عفی عنہ)

ہم نہ کافر نہ مسلماں ہیں رسول عربی
ہم تو بھٹکے ہوئے انساں ہیں رسول عربی

آپ اللہ کے مہماں ہیں رسول عربی
جبرئیل آپ کے درباں ہیں رسول عربی

آج کل کے جو مسلماں ہیں رسول عربی
آپ سے کٹ کے پریشاں ہیں رسول عربی

زندگی کے کوئی آثار نہیں ہیں ہم میں
ہم چراغِ تہِ داماں ہیں رسول عربی

ایک دو ہوں تو کوئی پوروں پہ گن کے ان کو
ان گنت آپ کے احساں ہیں رسول عربی

آپ کے صدقے میں سب کچھ ہے میسّر ہم کو
پھر بھی ہم بے سروساماں ہیں رسول عربی

آپ پر سچ تو یہ ہے میں ہی نہیں ہوں تنہا
میرے ماں باپ بھی قرباں ہیں رسول عربی

جو تھا روشن جو ہے روشن جو رہے گا روشن
آپ تو وہ مہِ تاباں ہیں رسول عربی

آپ کی ذاتِ گرامی ہے قرآں کی تفسیر
آپ منہ بولتا قرآں ہیں رسول عربی

اتنا نزدیک بھی دنیا سے نہ ہونا تھا کہ آج
دین سے دور مسلماں ہیں رسول عربی

یہ بھی کیا خوب رہی بحرِ معاصی میں حبابؔ
اپنی امت کے نگہباں ہیں رسول عربی